آر کے فلم کا تیار کردہ شاندار ڈرامہ

Good
106

گانے و سٹوری

برسات

اداکار

نرگس ۔ راج کپور ۔ پریم ناتھ
سوشیلا دیوی ۔ نمی وغیرہ

बरसात

قیمت ۱؍

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

قصہ خدا

پیار کسے کہتے ہیں؟ ندی کی لہروں کی طرح کناروں سے کھیلتے ہوئے نکل جانا یا آنسوؤں کی گہرائیوں میں ڈوب کر انمول موتیوں کے ڈھونڈنے کی کوشش کرنا ان دونوں فلسفوں کے انیائی اپنے اپنے حق میں بڑی زوردار دلیلیں دیتے ہیں۔ ایک کہتا ہے کہ روپ چھن بھنگی ہے مر جائے گا۔ دوسرا کہتا ہے کہ پریم امر ہے ہمیشہ زندہ رہے گا۔ یہ بحث جانے کب شروع ہوئی تھی لیکن آج بھی یہ اتنی ہی تازہ ہے جتنی کہ آج سے ایک سو سال یا ایک ہزار سال پہلے ہر بات میں بھی یہ دونوں فلسفے ایک دوسرے سے ٹکراتے ہیں۔ لیکن صرف دلیلوں سے نہ پران گوپال کو گھائل کر سکتا ہے اور نہ گوپال پران کو بلکہ اُن کا فیصلہ کرتی ہے۔ تو وہ دو بغیر پڑھی لڑکیاں جو معصوم قدرت کی گود میں پلی ہیں جن کے دلوں میں پہاڑوں کی مہانتا اور شرمیلی ہریلی چوٹیوں کا کنوارپن موجود ہے قدرت کی وہ بھولی لڑکیاں جو کسی کے پیار کی خاطر آنسوؤں کے طوفان میں زندہ بھی رہ سکتی ہیں اور ہنستے ہنستے مر بھی سکتی ہیں۔

باقی پردہ پر دیکھئے

برسات کے گانے

ہوا میں اُڑتا جائے مورا لال دوپٹہ ململ کا
اِدھر اُدھر لہرائے مورا لال دوپٹہ ململ کا۔ او جی او جی
سر سر سر سر ہوا چلے ہائے جیا اُڈ گمک ڈولے
فر فر فر فر اُڑے چنریا گھونگھٹ مورا کھولے
جھر جھر جھر جھر جھرنا بہتا ٹھنڈا ٹھنڈا پانی
گھونگھٹ باجے ٹھمک ٹھمک چال ہوئی مستانی
ہوا میں اُڑتا جائے......

(۲)

جیا بے قرار ہے چھائی بہار ہے۔
آ آ میرے بالما تیرا انتظار ہے۔ جیا......
سورج دیکھے چندا دیکھے سب ہم ترسے ہو۔ سب دیکھے
جیسے برسے کوئی بدریا ایسے انکھیاں برسے۔ ایسے انکھیاں
جیا بے قرار......
نینوں سے ایک تارا ٹوٹے مٹی میں مل جائے ہو۔ مٹی......
آنسو کی برسات بلوا دل میں آگ لگائے۔ دل میں......
تجھ کو نظریں ڈھونڈھ رہی ہیں مکھڑا تو دکھلا جا۔ ہو مکھڑا......
رستے پہ بھول آس لگائے آئیو لیلے آجا۔ آجو ائے آجا......

(۳)

برسات میں ہم سے ملے تم سجن تم سے ملے ہم۔ برسات میں......

نینوں سے چھلکے مست جوانی - میری مست جوانی ....
دنیا ہے کیسی بھرے دل کی کہانی - میرے دل کی کہانی
ان کی جو میں اُن سے کیسی شرم - کیسی شرم - برسات ....
پریت نے سنگار کیا میں بنی دلہن - میں بنی دلہن ....
سپنوں کی رم جھم میں ناچ اٹھا من میرا ناچ اٹھا من ....
آج میں تمہاری ہوئی تم میرے سجن - تم میرے سجن ....
برسات میں ....

یہاں سے جا رہے ہو کیسے مناؤں - کیسے مناؤں ....
پیا تمہاری راہ میں یہ نین بچھاؤں - یہ نین بچھاؤں
دیکھو تم کو میری جان کی قسم - جان کی قسم - برسات ....
ایسا نہ کرنا کہیں یہ آس ٹوٹ جائے - سانس ٹوٹ جائے
تم نہ آؤ دل کی لگی مجھ کو ہی جلائے - خاک میں ملائے
آگ کی لپٹوں میں یہ پکارے میرا نام - مل نہ سکے ہائے مل نہ سکے ہم
برسات میں ....

(۴)

پریم نگر بسنے والو - اپنی جوانی پہ مٹنے والو
پریت ہنسائے پریت رلائے پریت ملائے پریت ہی تو چھڑائے
ہنس کھیلو کھیلو یہ مست جھولو - او - او - او

(۵)

او - او - او مجھے کسی سے پیار ہو گیا
ہائے جگ گیا - دل بیقرار ہو گیا - بے قرار ہو گیا - او - او - او

درد چاہا تھا ہم نے چھپانا ۔ کھل گیا پھر بھی دل کا فسانہ
دل نے یہ کیا کیا ۔ او سلونے پیا ۔ مورا دھڑکے جیا ۔ او ۔ او
جو چھپانا میں نے چاہا آنکھوں نے کہدیا ۔ آنکھوں نے کہدیا
اور جو میں نے کہنا چاہا دل ہی میں رہ گیا ۔ او ۔ او
آنکھوں آنکھوں میں کرکے اشارے کہہ دئیے دل سے کہا ہم تمہارے
ہائے یہ کیا کیا ۔ او سلونے پیا مورا دھڑکے جیا ۔ او ۔ او

(۶)

میری آنکھوں میں کوئی بس گیا رے ۔ موہے نیند نہ آئے میں کیا کروں
موری آنکھ ....
مسکائے جب رات کو بندیا ۔ اُڑ جائے آنکھوں سے نندیا
ٹھنڈی ٹھنڈی میں آہیں بھروں ۔ ہائے میں کیا کروں ۔ میری ...
بات کریں جب چاند ستارے ۔ جل برسائیں نین ہمارے
تیری یاد میں رو رو مروں ۔ موری آنکھوں میں ۔ ہائے میں کیا کروں
گوپال ۔

(۷)

ترچھی نظر ہے پتلی کمر ہے
کھلے پھول سی تیری جوانی کوئی تیا نے کہاں کس پر ہے
آ ..... آجا میرے من ۔ آج تیرا آنکھوں میں گھر ہے
گوپال ۔ میں چنچل بدمست یوں ہی ہوں
جھوم جھوم ہر کلی کو چومیں
سیلا بھیجری میں گھائل ہرنی ۔ تجھ کو ڈھونڈوں بن بن گھوموں
گوپال ۔ میری زندگی مست سفر ہے ۔ ترچھی نظر ہے پتلی کمر ہے

نینا۔ تم بن نینوں کی برساتیں۔ روگ نہ پاؤں لاکھ مناؤں
گوپال ۔ میں بہتے دریا کا پانی بکھیں کنارن سے ٹرھا جاؤں
بندھ نا پاؤں ۔
نیا نگر نت نئی ڈگر ہے ۔ آجا آجا میرے من چلے ہے بالم
پران

(۸)

میں زندگی میں ہر دم روتا ہی رہا ہوں ۔ ترپتا ہی رہا ہوں
امید کے دیئے بجھے دل میں ہے اندھیرا
جیون کا تو ساتھی نا بنا کوئی بھی میرا
پھر کس کے لئے آج میں جیتا ہی رہا ہوں ۔ میں زندگی...
رہ رہ کے ہنسا ہے مری حالت یہ زمانہ
کیا دکھ ہے مجھے یہ تو کسی نے بھی نہ جانا
خاموش محبت لئے پھرتا ہی رہا ہوں ۔ میں زندگی....
آئیں نا مجھے راس محبت کی فضائیں
شرمائیں مری آنکھ سے ساون کی گھٹائیں
لہروں میں سدا غم کی میں بہتا ہی رہا ہوں ۔ میں زندگی...

(۹)

اب میرا کون سہارا
میرے بلم مجھ کو نا بھلانا ۔ اب میرا کون....
تجھ سے بچھڑ کر دور ہوئی ملنے سے مجبور ہو گئی
رو رو کے دل نے تجھ کو پکارا ۔ آ اب میرا کون....
تم سے ملن کی آس لگی ۔ نینا درشن کی پیاس لگی

تجھ کو ہے تیرا غم بھی پیارا ۔ آ اب میرا کون ......
سنکھ لگیں اڑ جا ؤں بن میں ۔ لیکن کیسے آؤں میں
بے بس ہوئی قسمت نے مارا ۔ آ اب میرا کون .....

(۱۰)

چھوڑ گئے بالم مجھے ہائے ۔ اکیلا چھوڑ گئے
توڑ گئے بالم میرا پیار بھرا دل توڑ گئے
چھوٹ گیا بالم ہائے ساتھ ہمارا چھوٹ گیا
پھول سنگ مسکائیں کلیاں میں کیسے مسکاؤں
بالم میرا پیار بھرا دل ٹوٹ گیا
بادل دیکھ کے بھر آئے انکھیاں ۔ چھم چھم نیر بہاؤں
چھوٹ گیا بالم ....
دل کی لگی کو کیا کوئی جانے ۔ میں جانوں دل جانے
پلکوں کی چھایا میں ناچے درد بھرے افسانے ۔ چھوڑ گئے ...
پہلے من میں آگ لگی اور پھر برسی برسات
ایسی چلی برہا کی آندھی ۔ تڑپت ہوں دن رات
چھوٹ گیا بالم ....

(۱۱)

بچھڑے ہوئے پردیسی اک بار تو آنا تو
جب آنکھ ملائی ہیں نظریں نہ چرانا تو
وعدے بھی کئے تو نے کھائی تھی قسم میری
وعدوں پہ ہی جیتی ہوں ہے آس مجھے تیری

اتنی ہے عرض میری مجھ کو نہ بھلانا تو ۔ جب آنکھ ملائی ....
دنیا مجھے چھینے ہے سب نے مجھے گھیرا ہے
او ۔ میری زباں پر تو بس نام ہی تیرا ہے
دنیا نہ ہنسے مجھ پہ اتنا نہ رلانا تو ۔ جب آنکھ ملائی ..
غیروں کا نہ ہو جانا جب اپنا بنایا ہے
پاس آ کے نہ کر جانا جب دل میں بسایا ہے
جو بات کہی تو نے وہ بات نبھانا تو
جب آنکھ ....

ختم شد